# سجدے میں پڑھی جانے والی دعا

دار الافتاء اھلسنت (دعوت اسلامی)

## سُبْحَانَكَ اللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَ بِحَمْدِكَ، اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ

**ترجمہ :**

اے اللہ، ہمارے رب تو پاک ہے اور تیری ہی تعریف ہے ۔ اے اللہ ! میری بخشش فرما دے ۔

صحیح بخاری کی حدیث مبارک میں ہے : عن عائشة رضي الله عنها قالت: كان النبي صلى الله عليه وسلم يقول في ركوعه وسجوده:سُبْحَانَكَ اللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَ بِحَمْدِكَ، اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ ترجمہ : حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ و سلم اپنے رکوع اور سجدے میں یہ (اوپر ذکر کردہ دعا) پڑھتے تھے ۔ (صحیح بخاری، جلد 1، صفحہ 158، رقم الحدیث : 794، مطبوعہ دار طوق النجاۃ)

**نوٹ :** یہ یاد رہے کہ احادیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ و سلم سے رکوع اور سجدے میں مختلف قسم کی دعائیں پڑھنا منقول ہیں ۔ اور جو بھی دعائیں احادیث میں بیان کی گئی ہیں، علمائے کرام نے فرمایا کہ یہ احادیث نوافل پر محمول ہیں یعنی تنہا نوافل پڑھنے والا یہ دعائیں پڑھے تو کوئی حرج نہیں ۔

# سجدے میں پڑھی جانے والی دعا

## اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ كُلَّهٗ، دِقَّهٗ وَ جِلَّهٗ، وَ اَوَّلَهٗ وَ اٰخِرَهٗ، وَ عَلَانِيَتَهٗ وَ سِرَّهٗ

**ترجمہ :**

اے اللہ ! میرے تمام چھوٹے، بڑے، ابتدائی، آخری، اعلانیہ اور چھپے ہوئے گناہوں کو بخش دے ۔

صحیح مسلم کی حدیث مبارک میں ہے : عن أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم: كان يقول في سجوده: اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ كُلَّهٗ، دِقَّهٗ وَ جِلَّهٗ، وَ اَوَّلَهٗ وَ اٰخِرَهٗ، وَ عَلَانِيَتَهٗ وَ سِرَّهٗ ترجمہ : حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم اپنے سجدے میں یہ (اوپر ذکر کردہ دعا) پڑھتے تھے ۔ (صحیح مسلم، جلد 2، صفحہ 50، رقم الحدیث : 483، مطبوعہ دار طوق النجاۃ)

**نوٹ :** یہ یاد رہے کہ احادیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے رکوع اور سجدے میں مختلف قسم کی دعائیں پڑھنا منقول ہیں ۔ اور جو بھی دعائیں احادیث میں بیان کی گئی ہیں ، علمائے کرام نے فرمایا کہ یہ احادیث نوافل پر محمول ہیں یعنی تنہا نوافل پڑھنے والا یہ دعائیں پڑھے تو کوئی حرج نہیں ۔

## سجدے میں پڑھی جانے والی ایک اور دعا

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ مَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ

**ترجمہ :**

اے اللہ ! میرے وہ (تمام) گناہ بخش دے ، جو میں نے چھپ کر کئے اور جو میں نے سب کے سامنے کئے ۔ (سنن نسائی، جلد2، صفحہ220، رقم الحدیث : 1124، مطبوعہ قاھرۃ)

**نوٹ :** یہ یاد رہے کہ احادیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے رکوع اور سجدے میں مختلف قسم کی دعائیں پڑھنا منقول ہیں ۔ اور جو بھی دعائیں احادیث میں بیان کی گئی ہیں ، علمائے کرام نے فرمایا کہ یہ احادیث نوافل پر محمول ہیں یعنی تنہا نوافل پڑھنے والا یہ دعائیں پڑھے تو کوئی حرج نہیں ۔

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net